جناب سپیکر صاحب

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

توجہ دلاؤ نوٹس

میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قوائد انضباط وطریقہ کار مجریہ 1988ء کے قاعدہ 52 (الف) کے تحت اس معزز ایوان کی توجہ ایک انتہائی اہم مسئلہ کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں جو کہ 2015ء میں صوبائی حکومت کی جانب سے محکمہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے تحت سرکاری منصوبوں کی مانیٹرنگ اور شفافیت کیلئے GIS ٹیکنالوجی کو متعارف کرانے کیلئے شروع کئے گئے پراجیکٹ میں تعینات ملازمین کی مستقلی سے متعلق ہے۔

جناب سپیکر صاحب!

2015ء میں صوبائی حکومت نے صوبے کے مختلف اضلاع میں محکمہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے تحت سرکاری منصوبوں کی میپنگ، مانیٹرنگ اور شفافیت کیلئے GIS پراجیکٹ کا اجراء کیا۔ تجرباتی بنیادوں پر آٹھ اضلاع میں کامیاب تجربے اور شاندار کارکردگی کے بعد اس پراجیکٹ کو پی اینڈ ڈی سے قریبی مطابقت کی بنیاد پر منتقل کر کے ایک Centralized Integrated GIS System قائم کیا جو سرکاری منصوبوں کی مستقل بنیادوں پر منصوبہ بندی، نقشہ سازی، ADP سکیموں کی مانیٹرنگ اور سرکاری املاک کی GeoTagging میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ پراجیکٹ کے تحت صوبے کے تمام اضلاع میں قائم GIS Cells ڈپٹی کمشنرز صاحبان کو بھرپور معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ اس منصوبے کے تحت صوبہ بھر میں 53 ملازمین خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ پراجیکٹ PC-I کے مطابق اگر پراجیکٹ اپنے اہداف کامیابی سے حاصل کر رہا ہو تو حکومت اس پراجیکٹ میں تعینات ملازمین کو مستقل کرے گی۔ پراجیکٹ کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے گزشتہ 9 سال سے حکومت اس پراجیکٹ کو ہر سال توسیع دے رہی ہے۔ لہٰذا اس پراجیکٹ میں تعینات ملازمین کو حسبِ وعدہ مستقل کیا جائے تاکہ وہ یکسوئی سے اپنی پیشہ ورانہ خدمات جاری رکھ سکیں، بہت شکریہ۔

احمد کریم کنڈی

ممبر صوبائی اسمبلی

پی کے 112 ڈیرہ اسماعیل خان

CALL ATTENTION NOTICE

Session No. 4th

Notice No. 18

Received Time: 12:00

Received Date 22/5/2024

From Mr. / Ms. [illegible] MPA

Receiver Sign: